پہلا سمسٹر I Semester | D.El.Ed Regular (ریگولر) ڈی۔ایل۔ایڈ | دسمبر 2018

پرچہ : بچپن، بچوں کی نشو ونما

Paper- DLED111CCT : Childhood, and Child Development

جملہ نشانات : **70** Maximum. Marks | Time : وقت : **3 Hrs** گھنٹے

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) بچوں میں 28 دانت (مستقل دانت) اس عمر میں پائے جاتے ہیں۔

(a) 13 سال (b) 16 سال (c) 9 سال (d) 18 سال

(ii) بچوں کے اپنے دوستوں کے ساتھ انجام دیا جانے والا وہ کھیل جسے پہلا سماجی مشغلہ کہا جاتا ہے؟

(a) تنہا کھیل (b) متوازی کھیل (c) اشتراکی کھیل (d) خود پسند کھیل

(iii) بیرونی دنیا سے تعلقات پیدا کرتے ہوئے پیچیدہ سماجی زندگی کے لیے بنیاد قائم کرنا اس مرحلے کا اہم جز ہے۔

(a) شیرخوارگی (b) ابتدائی بچپن (c) بچپن (d) اسکولی عمر

(iv) فرد کی توارثی خصوصیت میں فطری طور پر واقع ہونے والی مقداری اور معیاری تبدیلیوں کا اظہار اس سے ہوتا ہے۔

(a) نمو (b) پوشیدہ صلاحیت (c) پختگی (d) نشو ونما

(v) بچے اس مرحلہ میں اخلاق کو جسمانی سزا کے طور پر اندازہ لگاتے ہیں۔

(a) جمہوری اخلاق (b) روایتی سطح (c) ماقبل روایتی سطح (d) مابعد روایتی سطح

(vi) سماج کے مسلمہ اقدار کو اپناتے ہوئے بہترین شخصیت کا حامل ہونا.......................... کہلاتا ہے۔

(a) ذہنی نشو ونما (b) جذباتی نشو ونما (c) اخلاقی نشو ونما (d) سماجی نشو ونما

(vii) موضوعاتی ادراکی جانچ (TAT) میں.....................کارڈس ہوتے ہیں۔

(a) 20 (b) 20+1 (c) 30 (d) 30+1

(viii) ایرکسن کے مطابق 6 تا 12 سال تک بچوں کو مناسب تربیت، تعلیم اور بہترین مثالیں (Ideals) فراہم کرنے سے ان میں یہ صفت فروغ پاتی ہیں۔

(a) محنت کشی (b) پہل (c) شناخت (d) خودمختاری

(ix) ''بچے پیدائشی طور پر آفاقی لسانی اصول حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں'' یہ تصور پیش کرنے والا ماہر نفسیات۔

(a) پیاجے (b) اسکنر (c) وائیگوٹسکی (d) چومسکی

(x) POSCO کو کب سے عمل میں لایا گیا؟

(a) 2012 (b) 2011 (c) 2013 (d) 2010

حصہ دوم

2) نمو (Growth) اور نشوونما (Development) میں فرق کو واضح کیجیے۔

3) نشوونما کے اصول (Development of Principles) کو بیان کیجیے۔

4) بچپن میں طبعی اور حرکی نشوونما (Motor and Physical) کی اہمیت کیا ہے؟

5) خودتصور/ تصورذات (Self Concept) سے کیا مراد ہے؟ اس کی اہمیت کو سمجھائیے۔

6) بچوں کی اخلاقی نشوونما کے فروغ میں استاد کا کردار کیا ہے؟

7) روشنائی (Rorschach Ink-Blot Test) کے دھبوں والے ٹسٹ کے بارے میں بتائیں۔

8) مربوط شخصیت (Personality Integrated) سے کیا مراد ہے؟ اس کی خصوصیت بیان کیجیے۔

9) بچہ مزدوری (Child Labour) پر ایک مختصر نوٹ لکھیں۔

حصہ سوم

10) انفرادی فرق (Differences Individual) کو تعین کرنے والے مختلف عوامل کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

11) بچپن میں لسانی (Language) اور جذباتی (Emotional) نشوونما کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

12) وقوفی نشوونما سے کیا مراد ہے؟ پیاجے کے پیش کردہ وقوفی نشوونما کے مراحل اور تعلیم میں ان کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

13) شخصیت کا تصور واضح کرتے ہوئے شخصیت کے طرز/وضع پر مبنی (Type of Theories) اقسام تفصیل سے بیان کیجیے۔

14) بچوں کی پرورش کے طریقے (Practices Rearing Child/Sytles Parenting) کو تفصیل سے بیان کیجیے۔ اس کا اثر بچپن پر کس طرح ہوتا ہے؟

☆☆☆